عزیز الاقتباس

فی فضائل

اخیار الناس

مصنفہ تاج المفسرین رئیس المحدثین حضرت مولانا مخدومنا شاہ عبد العزیز صاحب محدث دہلوی قدس سرہ العزیز اس مین آپنے وہ تمام حدیثین جمع کی ہین جو خلفائے اربعہ اور اہل بیت رضوان اللہ علیہم اجمعین کی فضائل مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرماتی ہین۔ اور آپکے شاگرد خاص مولانا [illegible] کا فارسی ترجمہ اور فوائد زیادہ مرزا حسن علی صاحب مرحوم محدث لکھنوی سے [illegible] کرکے اسکو نادر اور بکار آمد رسالہ بنا دیا ہے جو عموماً تمام مسلمانوں اور خصوصاً طالب علموں اور واعظوں کے لیئے بہت ہی مفید ہے چونکہ احقر ظہیر الدین سید احمد ولی اللہی نواسہ حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب محدث دہلوی نے اہل زمانہ کو زبان فارسی سے نا آشنا پاکر اسکا ترجمہ سلیس اردو زبان مین کرویا اور فی صفحہ دو کالم کرکے آپنے

مطبع احمدی واقع دہلی مین چہپوایا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد لاہلہ والصلوٰۃ علی اہلہا۔ **اما بعد** کہتا ہے فقیر سراپا تقصیر **نظام الدین کرنالوی** کہ یہ
ہیچمدان کو اس قابل کہان کہ حضرت شاہ صاحب جیسے کامل کی تصنیف پر اپنی ناقص تحریر مین لاسکے۔ اور دریا
کو کوزہ مین بند کر دکھائے۔ مگر خدا کی شان کے قطرہ جہان چاہے تو سراب - آب ہو جائے + گر ذرہ ہو آفتاب
ہو جائے۔ یکایک جامع اخلاق و کرم مولوی شاہ ظہیر الدین سید احمد صاحب ولی اللّٰہی سجادہ نشین
درگاہ حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب و حضرت مولانا شاہ عبد العزیز صاحب و دیگر بزرگان خاندان عزیزیہ
نبیرۂ حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب محدث دہلویؒ نے جو ہمیشہ خاندان عزیزیہ کی مصنفہ
کتابون کی اشاعت اور ان حضرات کا فیض عام کرنے مین سرگرم اور مصروف رہتے ہین۔ مجھ سے
ارشاد فرمایا کہ **عزیز الاقتباس فی فضائل اخیار الناس** حضرت مولانا
شاہ عبد العزیز صاحبؒ کی چھوٹی سی کتاب ہے کتاب کیا گوہر نایاب ہے۔ اس مین شاہ صاحب نے وہ حدیثین
جمع کی ہین جو خلفائے اربعہ کے فضائل مین مروی ہین۔ اور آپکے تلمیذ خاص حضرت مولانا مرزا حسن علی صاحب
محدث لکھنوی نے فارسی زبان مین ترجمہ کیا ہے۔ نور علےٰ نور بنا دیا ہے۔ مگر چونکہ اس زمانے مین لوگون کو
فارسی زبان کا بہت کم خیال ہے۔ عام لوگون کو نفع اٹھانا محال ہے۔ اگر روزمرہ کی صاف زبان اردو مین
ترجمہ ہو جائے تو ہر شخص کو نفع پہنچ جائے۔ لہذا مولوی صاحب موصوف کا فرمانا قبول کیا اور شاہ
صاحب کی کتاب کی خدمت اپنے لئے باعث خیر و برکت سمجھکر ترجمہ شروع کیا۔ اور تشریح مطالب کے متعلق
حسب ضرورت موقع موقع پر اور مضامین اضافہ کیئے جو خط کھینچکر نیچے لکھ دیئے جس سے یہ رسالہ عام پڑھنے والون
اور نیز طالب علمون اور واعظون کے لیے زیادہ کارآمد ہو گیا۔ اللہ تعالیٰ حضرت شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کو جزائے
خیر عنایت فرمائے۔ اور ان کے تصدق مین مترجم مسکین کی مغفرت فرمائے۔ آمین یا رب العالمین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ والصلوٰۃ والسلام علیٰ رسولہ محمد والہ و اصحابہ اجمعین۔ قال الشیخ الامام العلامۃ افضل المتاخرین مسند الوقت الشیخ عبد العزیز العمری المحدث الدہلوی رضی اللہ عنہ۔

فضائل خلفائے اربعہؓ

اَبُوْ بَکْرٍ وَّ عُمَرُ سَیِّدَا کُہُوْلِ اَہْلِ الْجَنَّۃِ مِنَ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ اِلَّا النَّبِیِّیْنَ وَالْمُرْسَلِیْنَ۔ رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ۔ ابوبکر و عمر سردار میانہ سالان اہل جنت اند از پیشینیان و پسینیان مگر پیغمبران و رسولان۔ بروایت مسند احمد کہول الجنۃ وشبابہا وارد شدہ یعنی سردار میانہ سالان و جوانان اہل بہشت اند۔

فائدہ۔ این حدیث دلالت میکند بر افضلیت ابوبکرؓ و عمر رضی اللہ عنہما بر جمیع امت بعد پیغمبر خدا صلعم و ہمین مطابق قرآن و احادیث کثیرہ و اقوال صحابہ و تابعین است و بران اجماع اہل سنت و جماعت است و کسیکہ خلاف آن گفتہ است از درجہ اعتبار ساقط زیرا کہ مخالف نصوص قطعیہ و اجماع است

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تمام تعریف خدا کے لئے ہے۔ اور درود و سلامتی رسول محمد صلعم پر اور انکی آل و اصحاب سب پر۔ فرمایا شیخ امام علامہ افضل المتاخرین مسند وقت شیخ عبد العزیز عمری محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے۔

خلفاء اربعہ کے فضائل

اَبُوْ بَکْرٍ وَّ عُمَرُ سَیِّدَا کُہُوْلِ اَہْلِ الْجَنَّۃِ مِنَ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ اِلَّا النَّبِیِّیْنَ وَالْمُرْسَلِیْنَ۔ رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ۔ ابوبکر و عمر نبیوں اور رسولوں کے سوا اہل جنت کے اگلے پچھلے تمام میانہ سال لوگوں کے سردار ہیں اور مسند امام احمد کی روایت میں کہول الجنۃ وشبابہا وارد ہوا ہے۔ یعنی جنت کے میانہ سال اور جوانوں کے سردار ہیں۔

فائدہ۔ یہ حدیث دلالت کرتی ہے کہ حضرت ابوبکرؓ و عمرؓ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد تمام امت سے افضل ہیں اور یہی قرآن و احادیث کثیرہ و اقوال صحابہ و تابعین کے مطابق ہے اور اسی پر اہل سنت والجماعت کا اجماع ہے جس نے اس کے خلاف کہا درجۂ اعتبار سے ساقط ہے کیونکہ نصوص قطعیہ اور اجماع کے مخالف ہے [۱]

---

[۱] یہ حدیث جو ترمذی نے اخراج کی ہے انسؓ سے مروی ہے۔ نیز ترمذی نے طریقہ علی بن حسینؓ سے اخراج کیا ہے۔ وہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت کرتے ہیں۔ قال کنت مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذ طلع ابوبکر و عمر فقال رسول اللہ صلعم ہذان سیدا کہول اہل الجنۃ من الاولین والآخرین الا النبیین والمرسلین یا علی لا تخبرہما۔ حضرت علی فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ تھا کہ ابوبکر و عمر نظر آئے آنحضرت نے ارشاد فرمایا کہ یہ دونوں انبیا و مرسلین کے سوا تمام میانہ سالان جنت کے سردار ہیں۔ اے علی دیکھنا ان کو اطلاع نہ کرنا (کہ رسول اللہ صلعم نے تمہاری نسبت ایسا فرمایا ہے تاکہ عجب میں نہ گرفتار ہو جائیں) نیز حارث اعور شاگرد حضرت علیؓ سے بھی اسی طرح مروی ہے۔ ترمذی ابن ماجہ دونوں میں موجود ہے۔ غرض یہ حدیث حضرت علیؓ سے بطریق مختلفہ و متعددہ ثابت ہوئی ہے۔ حضرت علیؓ اپنے منہ سے شیخین کی فضیلت بیان فرماتے ہیں۔ ایک جگہ ان ہی سے منقول ہے کہ من فضلنی علی ابی بکر و عمر فجلدتہ حد المفتری یعنی جو مجھکو ابوبکر و عمر پر فضیلت دیگا میں اس کو مفتری کی حد لگاؤں گا۔ سبحان اللہ صحابہ آپس میں کس قدر محبت رکھتے تھے۔ کس درجہ لحاظ مراتب کا خیال تھا۔ محمد نظام الدین کرانوی۔

عثمان بن عفان ولیی فی الدنیا والآخرۃ رواہ ابو یعلی
عثمان ابن عفان دوست من است در دنیا و آخرت
یا علی انت اخی فی الدنیا والآخرۃ رواہ الترمذی
اے علی تو برادر من هستی در دنیا و آخرت ابوبکر
منی کانسامعہ وابو بکر اخی فی الدنیا والآخرۃ
رواہ الفردوس الدیلمی۔ ابوبکر از من است و من از
ابوبکرم و ابوبکر برادر من است در دنیا و آخرت
و این کنایت است از قرب منزلت و کمال اتحاد و بے
تکلفی در معاملات و انبساط در مفہمات۔
ان اللہ تعالیٰ جعل الحق علی لسان عمر وقلبہ رواہ
الترمذی واحمد۔ ہر آئینہ خدا تعالیٰ گردانید حق را بر زبان
عمر و دل او و بطبق آن بست و شش احکام
شرعیہ بجملہ آن چند آیات خدا و حجاب گرفتن

عثمان بن عفان ولیی فی الدنیا والآخرۃ رواہ ابو یعلی
عثمان بن عفان میرا دوست ہے دنیا و آخرت میں اسکو
ابو یعلی نے روایت کیا۔ یا علی انت اخی فی الدنیا والآخرۃ
رواہ الترمذی۔ اے علی تو دنیا اور آخرت میں میرا
بھائی ہے۔ اس کو ترمذی نے روایت کیا۔ ابوبکر منی
کانسامعہ وابو بکر اخی فی الدنیا والآخرۃ رواہ الفردوس
الدیلمی۔ ابوبکر مجھ سے اور میں اس سے اور ابوبکر دنیا اور آخرت میں میرے
بھائی ہیں۔ اس کو فردوس دیلمی نے روایت کیا۔ اور یہ کنایہ ہے
ابوبکر کے قرب منزلت اور کمال اتحاد اور بے تکلفی معاملات اور انبساط
مفہمات کے۔ ان اللہ تعالیٰ جعل الحق علی لسان عمر وقلبہ رواہ
الترمذی واحمد بے شک اللہ تعالیٰ نے کر دیا حق کو عمر کی
زبان اور دل پر۔ اس کو ترمذی اور احمد نے روایت کیا۔ اور
انکی مطابق ۲۶ احکام شرعیہ ہیں جنمیں آپکی رائے وحی کے موافق ہوئی

ف۱ ایکبار رسول اللہ صلعم چند اولو العزم مہاجرین میں تشریف رکھتے تھے۔ آپ نے فرمایا کہ ہر شخص اپنے کفو کی طرف اٹھ چلے۔ اور آپ حضرت عثمان کی طرف چلے اور ان سے معانقہ کیا۔ اور حضرت طلحہ سے فرمایا کہ طلحہ! ہر نبی کا جنت میں اسکی امت میں سے ایک رفیق ہوگا۔ اور میرا رفیق اور ساتھی جنت میں عثمان ہے انتہی ۱۲ حضرت عثمان اشراف قریش میں سے تھے۔ ان کی نانی بیضا بنت عبد المطلب تھیں۔ جو آپ کی پھوپھی ہوتی ہیں ۱۲

ف۲ اسی طرح حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے باب میں فرمایا کہ " انت منی وانا منک " یعنے تو مجھسے اور میں تجھسے۔ اس میں کوئی تعارض نہیں کیونکہ یہ احادیث فضائل پر دلالت کرتی ہیں اور فضائل امور اضافیہ ہیں۔ اور امور اضافیہ میں تعارض نہیں ہوتا۔ حضرت ابوبکر کی نسبت اور اعتبار سے فرمایا کہ حضرت علی کی نسبت اور اعتبار سے۔ غرض اسی طرح چاروں خلیفہ مکرم و معظم ہیں۔ کسیکو کسی اعتبار سے کوئی فضیلت حاصل ہے۔ کسیکو کسی اعتبار سے۔ اصحابی کالنجوم بایہم اقتدیتم اہتدیتم ۱۲ محمد نظام الدین کرانوی

ف۳۔ بعض روایات میں "جعل" کی جگہہ " وضع " آیا ہے۔ یعنے وضع الحق الخ۔ اور ترمذی میں یہ روایت ابن عمر سے مروی ہے اور ابو داؤد۔ اور حاکم ابوذر سے روایت کرتے ہیں۔ اور ابو عمر استیعاب (کتاب کا نام ہے) میں۔ اور بیہقی دلائل النبوت میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت کرتے ہیں کہ " انکا نبعد ان السکینۃ تنطق علی لسان عمر " حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں کہ ہم اس بات کو کچھ بعید نہیں سمجھا کرتے تھے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی زبان پر امر غیبی بول رہا ہے۔ یعنے ہمارے خیالوں میں یہ بات گذرتی تھی کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی زبان [illegible] الغیب کی ترجمان ہے۔ ۱۲

محمد نظام الدین
کرانوی

مقام ابراہیم مصلے وغیر ذلک مطابق قول حضرت عمر نزول یافتہ واین امر در کتب احادیث واضح البیان است

عثمان احیی امتی واکرمھا ابونعیم۔ عثمان حیامند ترین امت منست وجوانمرد سخی ترین امت۔

منجملہ اُن کے چند آیات ہیں جیسے آیہ فدا و حجاب اور مقام ابراہیم کو مصلے بنانا وغیرہ یہ سب باتیں حضرت عمرؓ کے قول کے موافق نازل ہوئیں۔ کتب احادیث میں اسکی توضیح ہے عثمان احیی امتی واکرمھا ابونعیم عثمانؓ میری امت میں سب سے زیادہ حیادار اور سب سے زیادہ سخی ہیں۔ اسکو ابونعیم نے روایت کیا

۵۱ قصہ یہ ہوا کہ جب جنگ بدر سے مشرکین پکڑے آئے تو اس میں مشورہ ہوا کہ ان کو قتل کیا جائے یا فدیہ لیکر چھوڑ دیا جائے۔ اوّل ابوبکر صدیقؓ سے رائے لیگئی اُن کی رائے فدیہ لینے کی ہوئی اور قتل مناسب نہ سمجھا گیا۔ اور حضرت عمرؓ و حضرت سعدؓ کی رائے قتل کی طرف مائل ہوئی کیونکہ ان میں بہادر لوگ گرفتار ہو کر آئے تھے فدیہ لیکر ان کا چھوڑ دینا قرین مصلحت نہ معلوم ہوا۔ آپس میں اسی طرح رائیں مختلف ہوئیں اور جبرئیل علیہ السلام اختیار دے گئے کہ جو چاہو کرو حضرت رسالت مآب نے ابوبکرؓ کی رائے سے اتفاق کیا اور فدیہ لیکر چھوڑ دیا تھا جناب باری سے عتاب نازل ہوا کہ "لولا کتاب من اللہ سبق لمسکم فیما اخذتم عذاب الیم" یعنی اگر لوح محفوظ میں نہ لکھا جا چکتا کہ ہم بے اظہار عتاب نہ بھیجیں گے تو اس فدیہ لینے پر تم کو عذاب الیم لاحق ہوتا۔

اب شبہ یہ ہوتا ہے کہ جب منجانب اللہ مختار ہو گیا کہ جو چاہو کرو تو عتاب کیوں نازل ہوا۔ اس کا جواب یہ ہے کہ خیار کبھی اباحۃً ہوتا ہے اور ابتلاءً و امتحاناً۔ آزمائش کے وقت خیار کی صورت پیدا ہوجاتی ہے۔ یہ خیار اسی قسم کا تھا۔ یعنی ابتلا کے طور پر تھا۔ مگر چونکہ مسلمانوں کو تنگی پیش آرہی تھی اس لئے آپ نے فدیہ اختیار فرمایا۔ اور ابتلا کا خطرہ قلب مبارک میں نہ گزرا۔ حالانکہ عمرؓ کی رائے عند اللہ محبوب تھی کہ دین میں سخت ہونا چاہیے۔ انکا قتل ہی بہتر ہے۔ واللہ اعلم۔ ۱۲ محمد نظام الدین کرانوی۔

۵۲ بخاری و مسلم میں حضرت عمرؓ سے مروی ہے "قال وافقت ربی فی ثلث فی مقام ابراہیم وفی الحجاب وفی اساری بدر" یعنی میری رائے تین باتوں میں میرے رب کے موافق رہی۔ مقام ابراہیم کے مصلے بنانے میں اور حجاب کے بارے میں اور بدر کے قیدیوں کی نسبت۔ بدر کے قیدیوں کا حال گزر چکا۔ مقام ابراہیم کے مصلے بنانے کی صورت یہ ہے۔ حضرت عمرؓ فرماتے ہیں کہ میں نے آنحضرت صلعم کی خدمت میں عرض کیا کہ یا رسول اللہ "لو اتخذت من مقام ابراہیم مصلے" اس کی جزا محذوف ہے۔ یعنی اگر آپ مقام ابراہیم کو مصلے بنالیں تو بہتر ہے۔ یعنی مقام ابراہیم میں دو رکعت طواف کی پڑھا کریں۔ چنانچہ یہ آیۃ نازل ہوگئی "واتخذوا من مقام ابراہیم مصلے" یعنی بناؤ مقام ابراہیم کو مصلے۔ اور حجاب کی صورت یہ ہوئی کہ۔ حضرت عمرؓ نے ازواج مطہرات کو پردہ کیلئے فرمایا تو حضرت زینبؓ نے جواب دیا "وانک علینا یا ابن الخطاب والوحی ینزل فی بیوتنا" یعنی اے ابن خطاب تم ہم کو پردہ کا حکم کرتے ہو حالانکہ وحی ہمارے گھر میں اُترتی ہے۔ یعنی اگر پردہ بہتر ہوتا تو اللہ تعالیٰ اپنے پیغمبر پر ضرور حکم پردہ کا بھیجتا۔ غرض یہ کہ تم کو یہ منصب حاصل نہیں کہ ہم کو پردہ کا حکم کرو۔ جب یہ قصہ پیش آیا تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی "واذا سألتموھن متاعا فاسئلوھن من وراء حجاب" یعنی اگر تم کو کوئی شئی مانگنی ہوا کرے تو پردہ کے پیچھے کھڑے ہو کر مانگا کرو سامنے نہ آیا کرو۔ اگر کوئی یہ شبہ کرے کہ بخاری اور مسلم کی حدیث میں تین باتوں میں موافقت آئی ہے اور اوپر کتاب میں ۲۰ احکام کی تصریح گزر چکی ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ بخاری و مسلم کی حدیث میں کوئی کلمہ حصر پر دلالت نہیں کرتا اور عدد واقل اکثر کی نفی نہیں کیا کرتا۔ چنانچہ کتابوں میں مصرح ہے ۱۲

محمد نظام الدین کرانوی۔

یا علی انت منی بمنزلۃ ھارون من موسٰی
الا انہ لا نبی بعدی - رواہ مسلم والترمذی

اے علی تو از من بمنزلت ہارون با موسٰی واری یعنے در
حصول وجہ اخوت و قرب منزلت و کمال اتحاد و
رفع تکلفات و ظہور اختلاط مگر آنکہ نیست پیغمبرے بعد
از من این حدیث در بیان علو منزلت حضرت امیر ظاہر است

یا علی انت منی بمنزلۃ ھارون من موسٰی
الا انہ لا نبی بعدی - رواہ مسلم والترمذی

اے علی تم میرے بمنزلہ ہارون کے ہو موسٰی کے مگر یہ کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں ہو سکتا
مسلم ترمذی نے روایت کیا - مطلب یہ کہ وجہ اخوت و قرب منزلت و کمال اتحاد و
بے تکلفی اور اختلاط جو ہارون کو موسٰی کے ساتھ حاصل تھا وہ مجھکو تمہارے ساتھ
ہاں اتنی بات البتہ ہے کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا - یہ حدیث حضرت امیر کی علو منزلت میں ہے

۵ے اور بخاری کی روایت میں یہ لفظ آتے ہیں کہ "اما ترضٰی ان تکون منی بمنزلۃ ہارون من موسٰی" کیا تو راضی نہیں ہے کہ ہو جائے مجھ سے بمنزلہ ہارون کے موسٰی سے یعنی جیسے ہارون کو اپنی جگہ چھوڑ کر طور پر گئے تھے اسی طرح میں تجھکو مدینہ میں اہل و عیال پر چھوڑ جاؤں - اس کا قصہ یہ ہوا کہ جب آنحضرت صلعم نے غزوہ تبوک کا ارادہ فرمایا تو خیال ہوا کہ مدینہ میں اہل و عیال کی نگرانی کون کرے اور سفر دور دراز کا ہے چونکہ حضرت علی بہ نسبت اور صحابہ کے قرابت قریبہ رکھتے تھے آپنے اُن سے ارشاد فرمایا کہ تم مکان ہی پر رہو اسپر حضرت علیؓ نے افسردہ خاطر ہوکر عرض کیا کہ کیا مجھکو عورتوں اور بچوں پر چھوڑے جاتے ہو مطلب یہ تھا کہ کیا میں جہاد میں نہ چلوں میں تیار ہوں آپ نے انکی تسلی اور تشفی کے طور پر فرمایا کہ افسردہ کیوں ہوتے ہو دیکھو موسٰی علیہ السلام جب طور پر گئے تو حضرت ہارون کو اپنی جگہ چھوڑ گئے میں تم کو تمام گھر بار پر چھوڑے جاتا ہوں اسپر حضرت علیؓ خاموش ہو گئے اور وہیں ٹھہر گئے حضرات شیعہ اس سے حضرت علی کی خلافت پر استدلال کرتے ہیں حالانکہ محض بیجا و بیہودہ استدلال ہے - اس کو خلافت سے کیا تعلق قاعدہ کی بات ہے کہ عیال و اطفال کی حفاظت پر اُسی شخص کو چھوڑا جاتا ہے جو قرابت قریبہ رکھتا ہو - حضرت علی چونکہ چچا زاد بھائی تھے اسلیئے اُن ہی کو پسند فرمایا کہ خانگی طور پر سے پوری طرح متکفل ہو جائیں گے - علاوہ ازیں مستورات کا معاملہ تمام مجاہدین آپکے ساتھ جانے کو تیار - اگر پیچھے کوئی غنیم آجائے تو ظاہر ہو کہ کوئی ایسا شخص محافظ ہونا چاہیے جو حرم محترم سے نسبی قرابت رکھتا ہو کہ اپنے ننگ و ناموس کے خیال سے انپر آنچ نہ آنے دے یہ سب باتیں قرابت اور رشتہ داری سے تعلق رکھتی ہیں اس کو خلافت صغریٰ کہیئے تو کہیے خلافت عامہ تامہ خلفا سے کیا علاقہ نیز صرف گھر کی حفاظت سے جمیع منازل میں خلافت پر استدلال کیونکر ہو سکتا ہے - دوسری بات یہ ہے کہ یہ استدلال بھی بعد کے لوگوں کی بلند پروازی خیال کا نتیجہ ہے ورنہ خود حضرت علیؓ بیچارہ دل سے کبھی یہ دعوی نہ کیا کہ میری نسبت رسول اللہ صلعم نے ایسا فرمایا تھا - لہذا خلافت مجھکو پہنچتی ہے وہ تو اہل زبان تھے جو کچھ لسان وحی ترجمان سے نکلتا تھا اسکو خوب سمجھتے تھے - اگر اس میں کوئی لفظ خلافت کی طرف مشیر ہوتا تو ضرور ظاہر فرماتے - کیونکہ بر تقدیر عدم اظہار کتمان حق لازم آتا تھا - حضرت علی کرم اللہ وجہہ کتمان حق کیوں فرماتے - مگر وہ جانتے تھے کہ واقعی گھر پر گھر کا آدمی رہنا چاہیے - اور یہی آپکا منشا تھا - اسلیئے ایسے دعوے حضرت علیؓ کی زبان پر نہ آئے - اور "الا انہ لا نبی بعدی" بخاری کی روایت میں تو موجود نہیں مسلم کی روایت میں ہے - یہ بھی آپنے بنا بر تشفی اور رعایت کرم فرمایا کہ یہ آزردہ خاطر نہ ہوں - کیونکہ بڑا دل تھے غازی تھے - دلاور تھے جنگ سے رہجانے کا سخت ملال تھا - آپنے بھی حد سے زیادہ تشفی کے الفاظ فرما دیئے کہ میاں کیا کہوں میرے بعد نبوت نہیں ورنہ میں تو وہ بھی تم کو دیدوں جیسے کہہ دیتے ہیں کہ "تم کو جان تک دیدوں سلطنت بخشدوں" مطلب یہ ہے کہ میں تم سے غایت درجہ خوش اور تمہارے لیے جان و مال سے موجود ہوں - جب میری خوشی اسی میں ہے کہ تم یہاں رہجاؤ تو کیا تم میری خوشی پسند نہیں کرتے - اگر یہ بات نہیں تو ہم پوچھتے ہیں کہ یہی مضمون حضرت عمرؓ کے بارے میں بھی

آیا ہے بلکہ اس سے صاف الفاظ ہیں کہ "لو کان بعدی نبی لکان عمر" اگر میرے بعد نبی ہوتا تو عمر ہوتا۔ کیسے صریح الفاظ ہیں۔ چاہیے تھا کہ
حضرت عمر سب سے آگے بڑھ کر خلافت کا دعویٰ کرتے مگر نہیں۔ وہ جانتے تھے کہ یہ غایت الطاف کی باتیں ہیں یا یوں کہیے کہ حضرت علی یا حضرت عمر یا اور صحابہ کے
لیے ایسے الفاظ فرمانے اُن کی لیاقت اور استعداد کا اظہار ہوتا تھا کہ یہ لوگ اس قابلیت اور لیاقت کے آدمی ہیں چنانچہ آپ کے
بعد ہر ایک بجائے خود یکے بعد دیگرے خلیفہ ہوا۔ اور یہ فرد لیاقت و استعداد آپ اپنی امت کے ہر عالم کے حق میں فرماتے ہیں چہ جائیکہ صحابہ
اُن کو تو ہر طرح کی فضیلت ہے۔ اور فرض کرو اُس حدیث سے خلافت ہی ثابت ہوئی تو ہم کہتے ہیں "بعدی" کا لفظ اسمیں بھی ہے اور اُس میں
بھی جو حضرت عمر کے بارے میں ہے اب ایک سے کم بعد اور دوسرے سے زیادہ بعد مراد لیا جائے اُسکے لیے قرینہ اور دلیل کی ضرورت ہے ورنہ
مطلب فوت اور اس حدیث سے یہ مراد تھا کہ ہر منزلت کہ ہارون موسیٰ کے ساتھ رکھتے تھے وہ سب حضرت علیؓ کو آپ کے ساتھ حاصل تھے
ہم پوچھتے ہیں کہ استیعاب پر کونسا لفظ دلالت کرتا ہے بلکہ ظاہر یہی منزلت ہے کہ جیسے موسیٰ ہارونؑ کو بنی اسرائیل پر چھوڑ گئے تھے آنحضرت
علی کو مکان پر چھوڑ گئے علاوہ ازیں تشبیہ کے لیے ادنیٰ مناسبت کافی ہے یہ ضرور نہیں کہ ہر شے اور ہر بات میں مناسبت ہوا کرے۔ تو
اتنی مناسبتیں کیا کم ہیں کہ علی آپ کے بھائی تھے۔ آپ سے بے تکلف تھے آپ ان کو اپنے بعد مکان پر چھوڑ گئے جیسے ہارون کو موسیٰ علیہ السلام
کے ساتھ تعلقات تھے۔ اور اگر اب بھی خلافت ہی کا راگ گایا جائے تو ہم یہ وجوہ بہ سبیل احتمال پیش کرتے ہیں۔ تو اب جو شخص خلافت کا مدعی
ہو یا ان احتمالات کو اٹھائے یا اپنے دعوے کے موافق تصحیح دکھائے اور اگر کہا جائے "الا انہ لا نبی بعدی" سے نکلتا ہے کہ سوائے
منزلت نبوت کے اور تمام مراتب میں علی ہارون جیسے تھے لہذا خلافت ثابت ہوئی تو ہم کہتے ہیں کہ جمیع منازل میں منزلت نبوت بھی داخل
ہے جب منزلت نبوت کا استثناء ہوا تو عام مخصوص البعض ہو گیا تو عام مخصوص البعض گو واجب العمل ہوتا ہے مگر ظنی ہوتا ہے۔ چنانچہ کتب
اصول میں اسکی تصریح موجود ہے اور خلافت کے لیے دلیل قطعی کی ضرورت ہے محض ظنیات سے خلافت ثابت نہیں ہو سکتی۔ علاوہ ازیں نفس
خلافت میں کس کو انکار ہے۔ البتہ ترتیب خلافت میں کلام ہے۔ اور متنازع فیہ امر ہے کہ حضرت کی وفات شریف کے بعد خلافت کا
حق کس کو حاصل ہے۔ اس میں ہم اہلسنت کہتے ہیں کہ ابوبکر صدیقؓ کا ہے اور وہ خلیفہ اول تھے اور ہو گئے چنانچہ کتب حدیث
اس امر کی پوری شاہد ہیں۔ اور ایسے کتابوں میں صحیح ہے کہ اور بعض بعض باتوں میں محض اجتہادی امور پر حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے
تعارض کیا اور نوبت بہ جنگ و جدل پہنچی اور جو باتیں اپنے نزدیک ٹھیک معلوم ہوئی اُسکے پیرو ہوئے گو سب معاملہ للہ فی اللہ
ہی تھا مگر جو بات اپنے عندیہ میں محقق معلوم ہوئی اُسکے خلاف پر نوبت بقتال پہنچی۔ خلافت اتنا بڑا عظیم الشان امر اس پر حضرت
علیؓ نے کبھی حضرت ابوبکرؓ یا عمرؓ یا عثمانؓ سے مقابلہ نہ کیا اگر خلافت واقعی اُن کا حق تھا تو اپنے حق پر تعرض کرنا ضرور تھا کیونکہ اون کو اہل
تشیع کی طرح تقیہ تو نہ آتا تھا۔ پھر کیا وجہ تھی کہ کبھی اس طرف اشارہ نہ ہوا۔ جانے دیجیے اگر تھوڑی دیر کو یہ بھی مان لیا جائے کہ خلافت
حضرت علی ہی کا حق تھا اور حضرت ابوبکرؓ خلیفہ برحق نہ تھے تو ظاہر بات ہے کہ اُن کا جہاد بھی درست نہ ہوگا۔ کیونکہ خلیفہ نہ ٹھہرے۔ اور
جب جہاد درست نہ ہوا تو جو اشیاء بر حال غنیمت میں آئیں وہ کسی کو لینی جائز نہ ہوئیں۔ اب ہم سوال کرتے ہیں کہ محمد بن حنفیہ کس سے
پیدا ہوئے۔ حضرت علیؓ کے صلب اور حنفیہ کے پیٹ سے پیدا ہوئے۔ اور حضرت ابوبکرؓ کے زمانہ خلافت میں حنفیہ جہاد میں پکڑی آئی
تھیں اور حضرت علی کو دی گئیں۔ اگر ابوبکرؓ کا جہاد اور انکی خلافت برحق اور مسلم نہیں تو حنفیہ سے حضرت علیؓ کو صحبت کرنا کیونکر جائز
ہو سکتا ہے۔ اب تو حضرات شیعہ بہت خوش ہوئے ہونگے کہ اوقات معہودہ و تواریخ معینہ میں اور غیر مشروح الموسم کے جواز کی طرح حضرت علیؓ
پر بھی انکو صاف کر ہی دیا۔ شاباش سے این کار از تو آید و مردان چنین کنند ۱۲

محمد امام الدین ۔ کرانوے ۔

أبوبكر صاحبي ومونسي في الغار سدوا كل خوخة إلا خوخة أبي بكر رواه عبد الله بن احمد۔ ابوبکر یار منست و این لقب را خدا تعالیٰ در کلام مجید بوی ارزانی فرموده است ومونس منست در غار بند کنید هر دریچه را یعنی آنکه در مسجد بود مگر دریچه ابوبکر و این اشارتیست بسوی خلافت او۔

إني لأنظر إلى شياطين الإنس والجن قد فروا من عمر رواه الترمذي۔ هر آئینه من می بینم سوی شیاطین انسان وجن که گریختند از عمر و این باں سبب بود که عمر رضی الله عنه صورت جلالیه رسول کریم بود چنانکه صدیق اکبر و عثمان صورت جمالیه آن حضرت و حضرت علی رضی الله عنه نیز همرنگ عمر بودند

إن أشد هذه الأمة بعد نبيها حياءً عثمان رواه أبو نعيم۔ بدرستیکه زیاده تر این امت بعد پیغمبر خود در وفور و کثرت حیا عثمان است۔

أنا دار الحكمة وعلي بابها۔ رواه الترمذي۔ منم دار الحکمت و علی دروازهٔ آنست۔

أنت عتيق الله من النار قاله لأبي بكر رواه الترمذي۔ تو آزاد کردهٔ خدا تعالیٰ هستی از آتش دوزخ گفت این کلام را برائے ابی بکر صدیق رضی الله عنه

الحق بعدي مع عمر بن الخطاب حيث كان رواه الحكيم الترمذي۔

أبوبكر صاحبي ومونسي في الغار سدوا كل خوخة إلا خوخة أبي بكر رواه عبد الله بن احمد۔ ابوبکر میرا یار ہے (یہ لقب ان کو اللہ تعالیٰ نے کلام مجید میں عطا فرمایا[۵۱]) اور میرا مونس ہے غار میں۔ سب کھڑکیاں (جو مسجد میں ہیں) بند کردو مگر ابوبکر کی دریچہ۔ اس کو عبداللہ بن احمد نے روایت کیا۔ اسمیں آپکی خلافت کی طرف اشارہ ہے۔

إني لأنظر إلى شياطين الإنس والجن قد فروا من عمر۔ رواه الترمذي۔ میں شیاطین انس وجن کو دیکھتا ہوں کہ عمر سے دور بھاگ گئے۔ اس کو ترمذی نے روایت کیا۔ اور اس کا سبب یہ تھا کہ حضرت عمر رسول کریم صلعم کی صورت جلالیہ تھے جیسے کہ ابوبکر و عثمان آپکی صورت جمالیہ۔ اور حضرت علی بھی حضرت عمر ہی کے ہمرنگ تھے۔

إن أشد هذه الأمة بعد نبيها حياءً عثمان رواه ابونعیم۔ نبی کے بعد اس امت میں سب سے زیادہ عثمان حیادار ہیں۔ اس کو ابونعیم نے روایت کیا۔

أنا دار الحكمة وعلي بابها۔ رواه الترمذي۔ میں حکمت کا گھر ہوں اور علی اس کا دروازہ۔ اس کو ترمذی نے روایت کیا[۵۲]

أنت عتيق الله من النار قاله لأبي بكر رواه الترمذي۔ آپنے حضرت ابوبکر کی نسبت فرمایا کہ تو خدا کا آزاد[۵۳] کیا ہوا ہے دوزخ کی آگ سے۔ اس کو ترمذی نے روایت کیا۔

الحق بعدي مع عمر بن الخطاب حيث كان رواه الحكيم الترمذي

[۵۱] قال اللہ تعالیٰ۔ اذ یقول لصاحبہ لا تحزن ان اللہ معنا۔ اسمیں ابوبکر کو صاحب فرمایا ۱۲

[۵۲] ایک روایت میں انا مدینۃ العلم وعلی بابہا آیا ہے۔ یعنی میں علم کا شہر ہوں اور علی اس کا دروازہ ہے ۱۲

[۵۳] مسعب زبیری کہتے ہیں کہ ابوبکر کو عتیق کہنے کی وجہ یہ ہے کہ ان کے نسب میں کوئی ایسی بات نہ تھی کہ عیب لگائے اور لیث بن سعد اور ایک جماعت کا قول ہے کہ انکے جمال اور عتاقت وجہ کی سبب ان کو عتیق کہتے ہیں ۱۲ محمد نظام الدین کیرانوی۔

حق بعد من با عمر بن الخطاب است چه جایکه باشد

مَا زَوَّجْتُ عُثْمَانَ اُمَّ کُلْثُوْمٍ اِلَّا بِوَحْیٍ مِّنَ السَّمَاءِ

رواہ الطبرانی۔ تزویج نکردہ ام ام کلثوم را بعثمان مگر بسبب وحی از آسمان۔

اِنَّ اللّٰهَ اَمَرَنِیْ اَنْ اُزَوِّجَ فَاطِمَةَ مِنْ عَلِیٍّ

رواہ الطبرانی۔ ہر آئینہ خدائے تعالیٰ امر کردہ مرا کہ تزویج کردہ دہم فاطمہ بعلی رضی اللہ عنہ۔

اَمَنُّ النَّاسِ عَلَیَّ فِیْ مَالِهٖ وَصُحْبَتِهٖ اَبُوْبَکْرٍ وَلَوْ کُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِیْلًا لَاتَّخَذْتُ اَبَا بَکْرٍ خَلِیْلًا وَلٰکِنْ اُخُوَّةُ الْاِسْلَامِ رواہ مسلم

احسان کنندہ ترین مردمان برمن در مال خود و صحبت خود ابوبکر است و اگر بودمے کہ میگرفتمے دوست جانی کہ بحکم یک روح دو قالب دارد و مرجع کار در ہر امر باشد و در روایتے صحیحین بزیادت غیر ربی است یعنے سوائے پروردگار من ہر آئینہ میگرفتمے ابابکر را خلیل ولکن برادری اسلام یعنے افضل است و چون این مرتبہ بخدا تعالیٰ مخصوص است لہذا بہ نسبت حضرت صدیق رضی اللہ عنہ متوقف گردید و در بعضے روایات حدیث آمدہ کہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ را قبل از وفات شریف آن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم مرتبہ خلت بآنجناب رسالت حاصل گردیدہ

حق ہے بعد میرے عمر بن الخطاب کے ساتھ ہو جہاں ہو۔ الحکیم بہیقی نہ

مَا زَوَّجْتُ عُثْمَانَ اُمَّ کُلْثُوْمٍ اِلَّا بِوَحْیٍ مِّنَ السَّمَاءِ

رواہ الطبرانی۔ نہیں عثمان کا نکاح ام کلثوم سے نہیں کیا مگر بسبب وحی آسمانی کے (یعنی ام کلثوم کا نکاح حضرت عثمان سے وحی کے حکم سے ہوا) اسکو طبرانی نے روایت کیا

اِنَّ اللّٰهَ اَمَرَنِیْ اَنْ اُزَوِّجَ فَاطِمَةَ مِنْ عَلِیٍّ

رواہ الطبرانی۔ اللہ تعالیٰ نے مجھکو امر فرمایا کہ مین فاطمہ کا نکاح علیؓ سے کردون۔ اس کو طبرانی نے روایت کیا۔

اَمَنُّ[لہ] النَّاسِ عَلَیَّ فِیْ مَالِهٖ وَصُحْبَتِهٖ اَبُوْبَکْرٍ وَلَوْ کُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِیْلًا لَاتَّخَذْتُ اَبَا بَکْرٍ خَلِیْلًا وَلٰکِنْ اُخُوَّةُ الْاِسْلَامِ رواہ مسلم۔ مجھپر سب لوگون سے زیادہ احسان کرنیوالا اپنے مال اور صحبت مین ابوبکر ہے اگر مین کسیکو اپنا جانی دوست بناتا (کہ ایک روح دو قالب کا حکم رکھتا) اور ہر امر مین مرجع کار ہوتا۔ اور صحیحین کی ایک روایت مین غیر ربی اتنا لفظ اور زیادہ ہے یعنی سوائے اپنے پروردگار کے) تو ابوبکر کو بناتا لیکن برادری اسلام یعنی افضل ہے (اسکو مسلم نے روایت کیا) اور چونکہ یہ مرتبہ خدائے تعالیٰ کے ساتھ مخصوص ہے لہذا آپنے بہ نسبت حضرت صدیقؓ کے توقف فرمایا اور حدیث کی بعض روایتون مین آیا ہے کہ ابوبکر صدیقؓ کو آنحضرت صلعم کی وفات سے پہلے جناب رسالت کے ساتھ مرتبہ خلت حاصل ہوگیا۔

[لہ] اس حدیث سے بعض لوگون نے استدلال کیا ہے کہ درجہ خلت درجہ محبت سے ارفع ہے اور چونکہ خلت صفت حضرت ابراہیم خلیل اللہ کی ہے اور محبت صفت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی۔ لہذا ابراہیم خلیل اللہ آنحضرت سے افضل ہوئے حالانکہ یہ خلاف واقع ہے۔ تو اس کا جواب یہ ہے کہ آن حضرت صفت خلت اور محبت دونون کے جامع ہین۔ چنانچہ مسلم نے ابن مسعود سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا " وقد اتخذ صاحبکم خلیلا " لہذا آپ افضل ہوئے۔ نیز قاضی عیاض نے شفا مین تصریح کی ہے کہ درجہ محبت درجہ خلت سے ارفع ہے۔ نیز محبت متمکن قلب مین ہوتی ہے نہ خلت لہذا محبت کا درجہ خلت سے زیادہ ہوا ۱۲ محمد نظام الدین کرانوی۔

ومراد از ان مرتبہ آن مرتبہ است کہ در مرتبہ قرب
منزلت واتحاد در حق بشر انتہا دارد واین معنے از
معاملہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بصدیق اکبر بغایت
وضوح دارد من شاء فلیرجع الی کتب الاحادیث والسیر

ان اللہ تعالی باہی بالملائکۃ یوم عرفۃ وباہی
بعمر بن الخطاب خاصۃ وما فی السماء ملک
الا وہو یوقر عمر وما فی الارض شیطان
الا وہو یفر من عمر - رواہ ابن عساکر

ہر آئینہ خدا تعالی فخر میکند بفرشتگان خود روز عرفہ
عموما وبعمر بن الخطاب خصوصا واین مباہات برائے
حضور حاجیان در عرفہ است ونیست در آسمان فرشتہ
مگر آنکہ توقیر میکند عمر را ونیست در زمین شیطانے مگر
میگریزد از عمرؓ

لکل نبی رفیق فی الجنۃ ورفیقی فیہا عثمان
رواہ الترمذی - ہر پیغمبر را رفیقی است در بہشت
ورفیق من دران یعنی بہشت عثمانؓ است۔

من کنت ولیہ فعلی ولیہ رواہ احمد والترمذی
کسیکہ باشم محب ومددگار او پس علیؓ محب ومددگار
اوست۔

ان اللہ تعالی یکرہ فوق سمائہ ان یخطا
ابو بکر الصدیق فی الارض رواہ الحارث
والطبرانی - وابن شاہین فی سنہ ہر آئینہ خدائے
تعالی مکروہ میدارد بالائے آسمان خود کہ منسوب بخطا
شود ابو بکر صدیقؓ در زمین۔

لما اسلم عمر اتانی جبریل فقال استبشر

اور مرتبہ منزلت سے وہ مرتبہ مراد ہے جو مرتبہ قرب منزلت
اور اتحاد میں بشر کی انتہا ہے۔ اور آنحضرت صلعم کا برتاؤ جناب صدیقؓ
کے ساتھ تھا اس سے یہ بات پورے طور پر واضح ہے کہ
جس کا جی چاہے کتب احادیث وسیر میں دیکھ لے

ان اللہ تعالی باہی بالملائکۃ یوم عرفۃ وباہی
بعمر بن الخطاب خاصۃ وما فی السماء ملک الا وہو
یوقر عمر وما فی الارض شیطان الا وہو
یفر من عمر - رواہ ابن عساکر۔ اللہ تعالی عرفہ کے
دن عموماً اپنے ملائکہ پر فخر کرتا ہے اور عمر بن الخطاب پر خصوصاً
اور یہ مباہات عرفہ میں حاجیوں کے حاضر ہونے کی وجہ سے ہے اور آسمان
میں کوئی فرشتہ ایسا نہیں جو عمرؓ کی توقیر نہ کرتا ہو اور زمین میں کوئی
شیطان ایسا نہیں جو عمرؓ سے نہ بھاگتا ہو یعنی ہر فرشتہ عمرؓ کی توقیر
کرتا ہے اور ہر شیطان عمرؓ سے بھاگتا ہے۔ اسکو ابن عساکر نے روایت کیا

لکل نبی رفیق فی الجنۃ ورفیقی فیہا عثمان
رواہ الترمذی - ہر نبی کا جنت میں ایک رفیق ہے اور میرا رفیق
جنت میں عثمانؓ ہے۔ اسکو ترمذی نے روایت کیا۔

من کنت ولیہ فعلی ولیہ رواہ احمد والترمذی
جس کا ولی ومددگار میں ہوں اس کا محب ومددگار علی ہے
اس کو احمد اور ترمذی نے روایت کیا۔

ان اللہ تعالی یکرہ فوق سمائہ ان یخطا ابو بکر
الصدیق فی الارض رواہ الحارث والطبرانی
اللہ تعالی اپنے آسمان پر اس بات کو مکروہ رکھتا
ہے کہ ابو بکرؓ زمین میں منسوب بخطا ہو۔ اس کو
حارث اور طبرانی اور ابن شاہین نے اپنی سند میں روایت کی

لما اسلم عمر اتانی جبریل فقال استبشر

اَھَلَّ اَھْلُ السَّمَاءِ بِاِسْلَامِ عُمَرَ۔ رَوَاہُ الْحَاکِمُ
ہنگام اسلام آوردن عمر آمد ہین جبرئیل پس گفت کہ ہر آئینہ
خوش گردیدند اہل آسمان باسلام عمرؓ

لَیَدْخُلَنَّ بِشَفَاعَۃِ عُثْمَانَ سَبْعُوْنَ اَلْفًا قَدِ
اسْتَوْجَبُوا النَّارَ الْجَنَّۃَ بِغَیْرِ حِسَابٍ۔ رَوَاہُ
ابن عساکر۔ ہر آئینہ در آیند بشفاعت عثمان ہفتاد ہزار
فرشتہ کہ بتحقیق مستوجب دوزخ بودند در بہشت
بے حساب یعنے بدون محاسبہ اعمال برایشان
واین ہمہ باظہار علو منقبت صاحب شفاعت است

اِنَّ اللّٰہَ جَعَلَ ذُرِّیَّۃَ کُلِّ نَبِیٍّ فِیْ صُلْبِہٖ وَاِنَّ
اللّٰہَ جَعَلَ ذُرِّیَّتِیْ فِیْ صُلْبِ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ
رَوَاہُ الطَّبَرَانِیُّ۔ بدرستیکہ خدائے تعالے گردانید
اولاد ہر پیغمبر را در پشت او و بدرستیکہ ساخت
اولاد مرا در پشت علی بن ابی طالب وسرّش آنست
کہ علی بن ابی طالب گویا صورت مثالیہ آن حضرتؐ
بودہ و یا عینک مطالعہ او ونسبتش با آنحضرت نسبت
فرع با اصل و یا ظل با صاحب ظل است و در ینجا سرّ معنے
وانفسنا وانفسکم راست آید۔

اِقْتَدُوْا بِالَّذِیْنَ مِنْ بَعْدِیْ اَبِیْ بَکْرٍ وَّ عُمَرَ
فَاِنَّھُمَا حَبْلُ اللّٰہِ الْمَمْدُوْدُ وَمَنْ تَمَسَّکَ بِھِمَا
فَقَدْ تَمَسَّکَ بِالْعُرْوَۃِ الْوُثْقٰی لَا انْفِصَامَ لَھَا
رَوَاہُ الطَّبَرَانِیُّ۔ اقتدا کنید و پیروی نمائید بآن دوکس
کہ بعد از من امانند ابوبکر و عمر پس بتحقیق این
ہر دو کسان رسن خدائے تعالے اند دراز شدہ
وکسیکہ تمسک کرد بایشان پس بتحقیق تمسک کرد بحلقہ

اَھَلَّ اَھْلُ السَّمَاءِ بِاِسْلَامِ عُمَرَ۔ رَوَاہُ الْحَاکِمُ
عمرؓ اسلام لائے تو میرے پاس جبرئیل آئے اور کہا کہ عمرؓ کے اسلام سے
فرشتے خوش ہوئے۔ اس کو حاکم نے روایت کیا۔

لَیَدْخُلَنَّ بِشَفَاعَۃِ عُثْمَانَ سَبْعُوْنَ اَلْفًا قَدِ
اسْتَوْجَبُوا النَّارَ الْجَنَّۃَ بِغَیْرِ حِسَابٍ۔ رَوَاہُ ابْنُ
عساکر۔ عثمان کی شفاعت سے ستر ہزار مستوجب نار
بلاحساب جنت میں جائیں گے (یعنی اُن سے اعمال کا محاسبہ
نہوگا) اس کو ابن عساکر نے روایت کیا۔ اور یہ سب صاحب
شفاعت کی علو منقبت کے اظہار کے لئے ہے۔

اِنَّ اللّٰہَ جَعَلَ ذُرِّیَّۃَ کُلِّ نَبِیٍّ فِیْ صُلْبِہٖ وَاِنَّ اللّٰہَ
جَعَلَ ذُرِّیَّتِیْ فِیْ صُلْبِ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رَوَاہُ
الطَّبَرَانِیُّ۔ اللہ تعالیٰ نے ہر نبی کی اولاد اُس کی پشت میں قرار
دی ہے اور میری اولاد علی ابن ابی طالب کی پشت میں
اسکو طبرانی نے روایت کیا۔ اور سرّ اِس میں یہ ہے کہ علی ابن ابی طالب
گویا آنحضرت صلعم کی صورت مثالیہ تھے یا عینک مطالعہ آنکی
نسبت آنحضرت سے ایسی ہے جیسے فرع کی نسبت اصل سے
یا ظل کی صاحب ظل سے اور یہاں سرّ معنے وانفسنا
وانفسکم راست آتا ہے۔

اِقْتَدُوْا بِالَّذِیْنَ مِنْ بَعْدِیْ اَبِیْ بَکْرٍ وَّ عُمَرَ فَاِنَّھُمَا
حَبْلُ اللّٰہِ الْمَمْدُوْدُ وَمَنْ تَمَسَّکَ بِھِمَا فَقَدْ تَمَسَّکَ
بِالْعُرْوَۃِ الْوُثْقٰی لَا انْفِصَامَ لَھَا رَوَاہُ الطَّبَرَانِیُّ
اُن دونوں کی اقتدا اور پیروی کرو جو میرے بعد ہیں یعنے
ابوبکر و عمر کیونکہ وہ دونوں اللہ کی دراز شدہ رسی ہیں جس نے
اُن کو پکڑا اُس نے حلقۂ مضبوط کو پکڑا اس کو انقطاع نہیں
ہے اور حبل اللہ دین الٰہی سے کنایہ ہے جیسا کہ

مضبوط کہ آنرا انقطاع و گسستگی نیست و حبل اللہ کنایہ است از دین خدا تعالیٰ باشارہ قرآن مجید "واعتصموا بحبل اللہ جمیعا" پس چنگل زنید بر رسن خدا تعالیٰ ہمہ شما و عروۃ الوثقی نیز کنایہ است از دین و باین نیز اشارہ ہست در قرآن شریف "فقد استمسک بالعروۃ الوثقی" یعنی بتحقیق چنگل زد بحلقہ مضبوط یعنی دین اسلام۔

اِنَّ عُثْمَانَ لَاَوَّلُ مَنْ هَاجَرَ اِلَى اللّٰهِ بِاَهْلِهٖ بَعْدَ لُوْطٍ۔ رواہ الطبرانی۔ بدرستیکہ عثمان آنرضیہ اول کسی است کہ ہجرت کرد ہمراہ زوجہ خود یعنی رقیہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بسوے خداے تعالیٰ بعد از لوط پیغمبر علیہ السلام۔

لَا يُحِبُّكَ اِلَّا مُؤْمِنٌ وَلَا يُبْغِضُكَ اِلَّا مُنَافِقٌ قَالَهٗ لِعَلِيٍّ۔ رواہ الترمذی دوست ندارد ترا مگر مومن و دشمن ندارد ترا منافق این کلام در حق علی رضی اللہ عنہ یعنی دوستی با علی علامت ایمان است و دشمنی با علی علامت نفاق۔

اَنَا اَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْاَرْضُ ثُمَّ اَبُوْ بَكْرٍ ثُمَّ عُمَرُ ثُمَّ اٰتِيْ اَهْلَ الْبَقِيْعِ فَيُحْشَرُوْنَ مَعِيْ ثُمَّ اَنْتَظِرُ اَهْلَ مَكَّةَ حَتّٰى اُحْشَرَ بَيْنَ الْحَرَمَيْنِ رواہ الترمذی۔ منم اول کسیکہ شق گردد زمین بوقت برآمدن آنکس در ہنگام قیامت پستر ابوبکرؓ پستر عمرؓ پس بیایم بسوے اہل البقیع کہ مقبرہ ایست در مدینہ قریب بروضہ مطہرہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پس یکجا باشند با من باز منتظر شوم اہل مکہ را تا جمع آیم با این حرمین و وجہ تخصیص محشور گردیدن حضرت ابوبکر و

قرآن مجید میں اشارہ "واعتصموا بحبل اللہ جمیعا" یعنی سب ملکر اسکی رسی میں چنگل مارو۔ اور عروۃ الوثقی بھی دین ہی سے کنایہ ہے۔ اس کی طرف بھی قرآن میں اشارہ ہے "فقد استمسک بالعروۃ الوثقی" یعنے چنگل مارا حلقہ مضبوط میں۔ یعنے دین اسلام میں۔

اِنَّ عُثْمَانَ لَاَوَّلُ مَنْ هَاجَرَ اِلَى اللّٰهِ بِاَهْلِهٖ بَعْدَ لُوْطٍ۔ رواہ الطبرانی۔ عثمان اول اُن لوگوں کے ہیں جنہوں نے لوط علیہ السلام کے بعد مع اپنی بیوی کے اسکی طرف ہجرت کی یعنے لوطؑ کے مع اپنی بیوی رقیہ بنت رسول صلعم کے اول ہجرت عثمانؓ نے کی اس کو طبرانی نے روایت کیا

لَا يُحِبُّكَ اِلَّا مُؤْمِنٌ وَلَا يُبْغِضُكَ اِلَّا مُنَافِقٌ قَالَهٗ لِعَلِيٍّ۔ رواہ الترمذی۔ آپنے علی کی شان میں فرمایا کہ تجھکو دوست نہیں رکھتا مگر مومن اور تجھکو دشمن نہیں سمجھتا مگر منافق۔ یعنی علی کی دوستی ایمان کی نشانی اور دشمنی نفاق کی علامت ہے۔

اَنَا اَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْاَرْضُ ثُمَّ اَبُوْ بَكْرٍ ثُمَّ عُمَرُ ثُمَّ اٰتِيْ اَهْلَ الْبَقِيْعِ فَيُحْشَرُوْنَ مَعِيْ ثُمَّ اَنْتَظِرُ اَهْلَ مَكَّةَ حَتّٰى اُحْشَرَ بَيْنَ الْحَرَمَيْنِ رواہ الترمذی۔ میں اول اُن لوگوں کا ہوں جن سے قیامت کے روز زمین شق ہوگی (یعنی قیامت کے روز سب سے پہلے قبر میں سے اٹھونگا) پھر ابوبکرؓ پھر عمرؓ پھر میں اہل البقیع (مقبرہ ہے مدینہ منورہ میں روضہ مطہرہ آنحضرت کے قریب) کیطرف آونگا وہ لوگ میرے پاس جمع ہونگے اس کے بعد اہل مکہ کا انتظار کرونگا یہانتک کہ میں حرمین کے بیچ آملونگا۔ اسکو ترمذی نے روایت کیا۔ اور حضرت ابوبکر اور

عمر رضی اللہ عنہما با آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہم ضجیعۂ ایشانا
با آن حضرت صلعم و اشعار فضیلت ایشان و کمال
قرب ایشان با جناب رسالت است و در وجہ
فضل این معنی از قبور ایشان ظاہر است و چہ خوش گفتہ
است حکیم خاقانی در توصیف روضۂ مطہرۂ آنحضرت

بہی حرم محمدی را	چو لا الہ سترہ ہدی را
پیشش دو خلیفہ رخ نہفتہ	چون زا بکنار شمس خفتہ
ہر سہ شدہ یک نہاد و یکجا	چون یک الف و دو لام ہم
آنجوے زمین و کعبہ نافہ	مشکش پسر ابو قحافہ

جاء عثمان الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم بالف دینار فی کمّہ حین جہّز جیش العسرۃ فنثرہا فی حجرہ فرأیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقلبہا فی حجرہ ویقول ما ضرّ عثمان ما عمل بعد الیوم مرتین رواہ احمد۔ آورد عثمان بسوے آن حضرت صلعم ہزار دینار کہ ہمرہ آن در آستین خویش نگاہ داشتہ ہنگامے کہ سامان جیش عسرت یعنی لشکر کہ بہ تبوک مقرر کردہ بود و خود آن شہریست شانزدہ منزل از مدینہ در حدود شام برائے قتال نصاری عرب و شام مہیا می گشت ساخت آن دینارہا در کنار آن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم پس دیدم پیغمبر خدا را کہ زیر و بالا میکرد آن دینارہا در کنار خویش برائے نقد ساختن و میگفت ضرر نکند عثمان را چیزیکہ بعمل آرد بعد ازین وقت و این کلام دو بار فرمود و این عمدہ بشارتست بقبول نفقات حضرت عثمان کہ عمدہ قربات پیش آن حضرت

ساتھ مشہور ہونیکی وجہ یہی ہیں کہ آپکے ساتھ اُن کا ہم ضجیعت ہونا اور اُنکی فضیلت اور وجہ فضیلت میں اپنے ساتھ کمال قرب کا ظاہر کرنا ہے اور یہ بات اُنکی قبروں سے ظاہر ہے کہ آپکے پاس اسی ایک حجرے میں ہیں حکیم خاقانی نے روضہ مبارکہ کی تعریف میں کیا خوب کہا ہے۔

بہی حرم محمدی را	چو لا الہ سترہ ہدی را
پیشش دو خلیفہ رخ نہفتہ	چون زا بکنار شمس خفتہ
ہر سہ شدہ یک نہاد و یکجا	چون یک الف و دو لام ہم
آنجوے زمین و کعبہ نافہ	مشکش پسر ابو قحافہ

جاء عثمان الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم بالف دینار فی کمّہ حین جہّز جیش العسرۃ فنثرہا فی حجرہ فرأیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقلبہا فی حجرہ ویقول ما ضرّ عثمان ما عمل بعد الیوم مرتین رواہ احمد۔ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جیش عسرت یعنی اس لشکر کیلئے جو جنگ تبوک کے (تبوک ایک شہر ہے حدود شام میں مدینہ سے سولہ منزل) کے واسطے نصاری عرب و شام سے لڑنے کو تیار و مقرر فرمایا تھا سامان کرنا شروع کیا تو حضرت عثمان ہزار دینار کی تھیلی آستین میں لائے۔ اور آپ کی گود میں اُلٹ دی۔ راوی کہتا ہے کہ میں نے اُسوقت رسول اللہ صلعم کو دیکھا کہ آپ اُن دیناروں کو اپنی گود میں اُلٹ پلٹ کر دیکھتے ہیں اور جانچ کے طور پر اوپر تلے کرتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ عثمان اب سے پیچھے جو عمل کریگا اُس کو مضر نہ پڑے گا۔ یہ کلام آپنے دو مرتبہ فرمایا۔ اسکو احمد نے روایت کیا۔ اسمیں حضرت عثمان کو اُن اعمال و نفقات کی قبولیت کی بشارت ہے جو اُنھوں نے خدا کی راہ میں کیے۔

صرف نمود و بجمیع قابلیت امثال خیر بهیچ وجه بار نیز رکال
بعد ازیں ملامان خدمت ایشان رنفته و از قسیم اعطا
ازلی حق خاشاک ضرر از ساحت با عزت ایشان
بر افشانند و این اشارتیست لطیف بسوئے دفع طعن مخالفان
که بظهور می رسانند در وقت که بسبب
بے اطلاعی جناب ایشان بود نسبت بیا کرده اے
بآنجناب می نمودند و آنرا باعث طعن و تشنیع درباره
جناب ایشان روا میداشتند پس ظهور این کلمه جامعه یعنی
"ما ضر عثمان ما عمل بعد الیوم" مبنی بر آنست که هرچند جناب
ایشان از مثل آن چیزها منزه و مقدس است اما نظر
بر علو منزلت و سمو منقبت ایشان اگر بر فرض و تسلیم
آنچیزها منسوب بدان زبان خدمت ایشان باشد از ضرر ایشان
دور باشد چنانکه این معنی درباره اهل بیت عموما در آیت
تطهیر مقصود است و درباره جناب امیر خصوصا در حدیث
"اللهم ادر الحق معه حیث دار"

بَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَيْشًا
فِيهِمْ عَلِيٌّ فَرَفَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
يَدَيْهِ وَيَقُولُ اللّٰهُمَّ لَا تُمِتْنِي حَتَّى تُرِيَنِي عَلِيًّا
رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ - فرستاد آن حضرت صلی الله
علیه وسلم لشکرے را یعنی بجانب یمن و دران لشکر
علی بودند یعنی بسردگی آن جیش پس بر داشت
پیغمبر خدا صلی الله علیه وسلم هر دو دست خود و میگفت
بار خدایا نمیران مرا تا آنکه بنمائی علی را و این بسبب
قرب زمان مرگ آن حضرت صلی الله علیه وسلم بود تا نباشد
که قبل از رسیدن علی سفر عالم آخرت پیش آید

یعنی جو کچھ انہوں نے آن حضرت صلعم کی حضور میں
خرچ کیا وہ مقبول ہوا اور جو عمل کئے ان میں کسی طرح کا
ضرر آپکو نہیں پہنچ سکتا۔ نیز اس میں اشارہ ان مخالفین کے
خیالات کا دفعیہ ہوتا ہے جو مفسد لوگ جھوٹی سچی باتیں بنا کر
آپ پر طعن و تشنیع کرتے ہے اور یہ کلمہ جامعہ یعنی "ما ضر عثمان
ما عمل بعد الیوم" اس بات پر مبنی ہے کہ ہرچند جناب
ایسی باتوں سے جو مفسد لوگ مشہور کرتے
ہیں بری ہیں۔ لیکن عظمت شان کے لحاظ سے اگر
بالفرض والتسلیم ایسی باتیں آپ کی طرف منسوب
بھی ہو جائیں تو آپ کو کوئی ضرر نہیں پہنچا سکتیں۔
جیسے کہ یہ معنی اہل بیت کے بارے میں عموماً آیہ تطہیر
میں مقصود ہیں اور جناب امیر کے بارے میں خصوصاً
حدیث "اللھم ادر الحق معہ حیث دار" میں

بَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَيْشًا
فِيهِمْ عَلِيٌّ فَرَفَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
يَدَيْهِ وَيَقُولُ اللّٰهُمَّ لَا تُمِتْنِي حَتَّى تُرِيَنِي عَلِيًّا
رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ آنحضرت صلعم نے ایک لشکر یمن کی طرف روانہ
کیا اس میں علی کو سردار بنا کر بھیج گئے۔ تو آپ نے دونوں
ہاتھ اٹھائے اور دعا کی کہ الٰہی جب تک مجھکو علی کی صورت
نہ دکھا دے میری موت نہ بھیج۔ اس کو ترمذی
نے روایت کیا۔
چونکہ آپکی وفات شریف کا زمانہ قریب تھا اس لئے دعا
فرماتے تھے کہ علی کے آنے سے پہلے سفر آخرت پیش نہ آجائے

ابو بکر فی الجنۃ وعمر فی الجنۃ وعثمان فی الجنۃ وعلی فی الجنۃ۔ ابو بکر در بہشت است وعمر در بہشت وعثمان در بہشت وعلی در بہشت۔

حب ابی بکر وعمر من الایمان وبغضہما کفر ومن سب اصحابی فعلیہ لعنۃ اللہ ومن حفظنی فیہم فانا احفظہ یوم القیامۃ رواہ ابن عساکر۔ دوستی ابو بکر وعمر از ایمان است ودشمنی ایشان کفر است وکسیکہ دشنام وبد وسقط گوید یاران مرا پس بر و لعنت خدا است کسیکہ یاد دارد مرا درمیان ایشان یعنی درمیان ایشان ملاحظہ من کند وحق صحبت وخدمت ایشان کہ بمن است ملحوظ خاطر ونصب العین ساختہ بتعظیم وتوقیر با ایشان پیش آید واز ارتکاب طعن وتشنیع واعتساف سب وشتم دور باشد پس ہر آئینہ من محافظت او کنم بروز قیامت یعنی بشفاعت جرائم ومعاصی او کہ در ان وقت محتاج شدید بعفو ومغفرت گناہان باشد حفاظت او نمایم۔

ارأف امتی بامتی ابو بکر واشدہم فی دین اللہ عمر واصدقہم حیاء عثمان واقضاہم علی۔ رواہ ابو یعلی۔ مہربان ترین است من بامت من ابو بکر است وسخت ترین ایشان یعنی است در دین خدا عمر است وراستترین ایشان در حیا عثمان است وقاضی ترین ایشان علی است۔

ابو بکر فی الجنۃ وعمر فی الجنۃ وعثمان فی الجنۃ وعلی فی الجنۃ۔ ابو بکر جنت میں عمر جنت میں عثمان جنت میں علی جنت میں ہیں۔

حب ابی بکر وعمر من الایمان وبغضہما کفر ومن سب اصحابی فعلیہ لعنۃ اللہ ومن حفظنی فیہم فانا احفظہ یوم القیامۃ رواہ ابن عساکر۔ ابو بکر و عمر کی دوستی ایمان ہے اور انکی دشمنی کفر۔ جو میرے اصحاب کو برا کہے اسپر خدا کی لعنت جو شخص انکے درمیان مجھکو یاد رکھے یعنے انکے درمیان میرا لحاظ کرے اور ان کی صحبت اور خدمت کا حق جو مجھپر ہے ملحوظ خاطر اور پیش نظر رکھے اُن کے ساتھ تعظیم و توقیر سے پیش آئے اور طعن و تشنیع اور سب و شتم نہ کرے تو میں قیامت کے روز اسکی محافظت کروں گا یعنی جب وہ قیامت کے دن اپنے گناہوں کی مغفرت اور عفو جرائم کا سخت محتاج ہوگا میں اس کی شفاعت کروں گا۔ اس کو ابن عساکر نے روایت کیا۔

ارأف امتی بامتی ابو بکر واشدہم فی دین اللہ عمر واصدقہم حیاء عثمان واقضاہم علی رواہ ابو یعلی میری امت میں امت پر مہربان زیادہ ابو بکر ہیں اور دین الٰہی میں سخت اور بڑے تیز عمر اور نہایت سچے حیادار عثمان اور بڑے قاضی علی۔ اس کو ابو یعلی نے روایت کیا۔

فائدہ قضا عبارت است از فصل خصومات و احقاق حق و ابطال باطل در متخاصمین یعنے مدعی و مدعا علیہ۔

لِكُلِّ نَبِيٍّ وَزِيرَانِ وَوَزِيرَايَ وَصَاحِبَايَ أَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ۔ رَوَاهُ ابْنُ عَسَاكِرَ۔ ہر پیغمبر را دو وزیر است و دو وزیر من و دو یار من ابوبکر و عمر است۔

عُثْمَانُ حَيِيٌّ تَسْتَحْيِي مِنْهُ الْمَلٰئِكَةُ رواہ ابن عساکر۔ عثمان حیا مند است حیا میکنند از وے فرشتگان۔

مَا انْتَجَيْتُهُ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ انْتَجَاهُ قَالَهُ لِعَلِيٍّ رواہ الترمذی۔ سرگوشی باوے نہ کردم ولکن خدائیتعالے باوے سرگوشی کرد گفت این کلام را در حق علی۔

